ترجمۂ رباعیاتِ خیام

از

(جناب طالب جے پوری)

گو مستوں کو توبہ سے بھی انکار نہیں   طعنوں کے بھی لیکن وہ سزاوار نہیں
دیکھ اپنا عمل بھی اُن کی رندی ہی نہ دیکھ   فخر اس پہ ہے کیا تجھے کہ مے خوار نہیں

خوش تم سے رہا میرا دلِ پُرغم بھی   غمگین رہا فرقت میں دلِ خُرّم بھی
جب تم تھے تو تھی تلخیٔ عالم بھی لطیف   اب تلخیٔ غم سے تلخ ہے عالم بھی

دنیا سے امیدِ لطف و احساں بے کار   بے کار ہے فکرِ سر و ساماں بے کار
درماں کی طلب سے درد ہوتا ہے فزوں   دل درد کا خوگر ہو تو درماں بے کار

کیا کعبہ و مدرسہ ہے، کیا دیر و کنشت   بے سود ہے خوفِ دوزخ و فکرِ بہشت
ہر واقفِ اسرارِ جہاں جانتا ہے   اک تخم سے بھی ہوتی ہے پیدا کہیں کشت

ہے موت سے اے دوست کہیں جائے اماں   تو بھی کبھی ہوگا اسی پردے میں نہاں
آیا ہو کہیں سے تو بلا سے مے پی   خوش رہ یہ نہیں معلوم کہ جائے گا کہاں

ہوں میں تو گنہ گار، رضا کیا ہے تری   تاریک ہو دل اگر ضیا کیا ہے تری
طاعت کے عوض بہشت سودا ہی کھلا   سوچ اس میں بھلا شانِ عطا کیا ہے تری